REGD. NO.
CPL 368

Fortnightly
AL-SHARIA
Gujranwala

E-mail
alsharia@
hotmail.com

اصحاب خیر سے ایک اہم گزارش

مکرمی! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مزاج گرامی؟

گزارش ہے کہ الشریعہ اکادمی کنگنی والا گوجرانوالہ کی سالانہ کارکردگی' موجودہ صورت حال اور اگلے سال کے پروگرام کے بارے میں رپورٹ پیش خدمت ہے۔ آنجناب سے گزارش ہے کہ ملاحظہ فرما کر اس کار خیر میں تعاون کی جو صورت بھی آپ مناسب خیال کریں' اس کی طرف رمضان المبارک کے بابرکت مہینہ میں توجہ فرما کر اپنے ثواب اور ذخیرہ آخرت میں اضافہ فرمائیں۔

☆ ہاشمی کالونی (عقب سرتاج فین جی ٹی روڈ) کنگنی والا گوجرانوالہ میں محترم حاجی یوسف علی ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کی وقف کردہ ایک کنال زمین میں 6 اپریل 1999ء کو شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم نے الشریعہ اکادمی کا سنگ بنیاد رکھا تھا جہاں اب تک پورے کنال کی کھدائی کر کے تہہ خانے کی بڑی چھت ڈالی جا چکی ہے۔ اس کے نیچے ایک طرف 28 x 68 مسجد خدیجۃ الکبریٰ کا تہہ خانہ ہے اور اس کے علاوہ اکیڈمی کے سات کمرے اور ایک بڑا ہال ہے جن کی تیاری کا کام مسلسل جاری ہے۔

☆ اب تک تقریباً دس لاکھ روپے خرچ ہو چکے ہیں جس میں کم وبیش اڑھائی لاکھ روپے قرض حسنہ کی رقم شامل ہے اور باقی رقم آپ جیسے مخلص دوستوں کے تعاون سے حاصل ہوئی ہے جبکہ قرض حسنہ کی ادائیگی سمیت پہلی منزل (تہہ خانہ) کا کام مکمل کرنے کے لیے مزید دس لاکھ روپے کی ضرورت ہے۔

☆ مسجد میں پنج وقتہ نماز با جماعت اور مقامی بچوں اور بچیوں کے لیے قرآن کریم ناظرہ کی کلاس صبح نماز فجر اور شام نماز عصر کے بعد جاری ہے جبکہ رمضان المبارک کے بعد دینی مدارس کے طلبہ' اساتذہ اور شہر کے خطباء کے لیے شام کے اوقات میں انگلش زبان اور کمپیوٹر ٹریننگ کا ایک سالہ کورس شروع کیا جا رہا ہے۔ اس کے بعد درس نظامی کے فضلاء کی خصوصی کلاس اور پرائمری پاس طلبہ اور طالبات کے لیے حفظ قرآن کریم مع مڈل کا چار سالہ کورس شروع کرنے کا پروگرام ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اس پروگرام کو آگے بڑھانے کے لیے فوری ضروریات کی فہرست درج ذیل ہے

- قرض حسنہ کی ادائیگی
- تعمیری سامان سیمنٹ' بجری' اینٹ' سریا' ٹائلیں' دروازے' کھڑکیاں وغیرہ
- بجلی کا سامان از قسم تار' ٹیوبیں' بلب' پنکھے وغیرہ
- فرنیچر کے لیے لکڑی' چپ بورڈ وغیرہ یا تیار شدہ کرسیاں میز وغیرہ
- کمپیوٹر سیٹ کم از کم پندرہ عدد اور دیگر متعلقہ سامان
- لائبریری کے لیے ہر قسم کی معلوماتی کتابیں
- الشریعہ فری ڈسپنسری کے لیے دوائیں' فرنیچر' الماریاں اور دیگر ضروری سامان جس کے لیے کمرہ تعمیر ہو چکا ہے اور رمضان المبارک کے بعد آغاز کرنے کا پروگرام ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اس سلسلہ میں مزید معلومات کے لیے

حافظ محمد عمار خان ناصر' جامع مسجد شیرانوالہ باغ' گوجرانوالہ۔ فون : 219663

سے رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے اور مندرجہ ذیل اکاؤنٹ میں براہ راست بھی رقم جمع کرائی جا سکتی ہے۔

اکاؤنٹ نمبر 1260' حبیب بنک لمیٹڈ بازار تھانے والا' گوجرانوالہ

امید ہے کہ آپ خصوصی اور فوری توجہ فرما کر اس کار خیر میں ہمارا ہاتھ بٹائیں گے